انجمن خدام القرآن
سندھ، کراچی رجسٹرڈ
www.QuranAcademy.edu.pk

بانی: ڈاکٹر اسرار احمدؒ

مرکزی دفتر
B-375، پہلی منزل، علامہ شبیر احمد عثمانیؒ روڈ، بلاک
گلشن اقبال، کراچی-پاکستان-7-92-21-34993436
0333-4993437 ، 0336-4993434
info@QuranAcademy.com


باسمہ تعالیٰ سبحانہ

تاریخ: 24 اپریل 2025ء

حوالہ نمبر: 20-13/12445

محترمی ومکرمی

رکن انجمن خدام القرآن سندھ کراچی

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ______________ مزاج بخیر!

اللہ تبارک وتعالیٰ سے ہماری دعا ہے کہ یہ خط آپ کو ایمان وصحت اور اہل وعیال کی کامل عافیت کے ساتھ موصول ہو اور آپ رضائے الٰہی کی کوششوں میں مصروف ہوں۔ آمین!

گرامی قدر! 38ویں سالانہ اجلاسِ عام منعقدہ 3نومبر 2024ء کی روداد آپ کے علم و مطالعہ کے لیے اس خط کے ساتھ منسلک ہے۔

روداد کی تاخیر سے ترسیل پر ہم دل کی گہرائیوں سے معذرت خواہ ہیں۔ ان شاء اللہ آئندہ ایسے تمام امور کو بروقت اور بہتر انداز میں مکمل کرنے کی بھرپور کوشش کی جائے گی۔

آپ سے گزارش ہے کہ اس خط کی وصولی کی اطلاع ہمیں بذریعہ واٹس ایپ (WhatsApp) یا ای میل (Email) اگر کردیں تو عین نوازش ہو گی۔

واٹس ایپ : 4993437-333-92+ (اس نمبر پر فون بھی کیا جاسکتا ہے)

ای میل : contact@QuranAcademy.com

اللہ تبارک وتعالیٰ ہم سب کو قرآن حکیم کے ساتھ اپنے تعلق کو مظبوط کرنے، اسے سمجھنے اور اس پر عمل کرنے کی توفیق عنایت فرمائے۔ آمین!

خیر اندیش

محمد سلمان اشرف

سیکریٹری


ذیلی ادارے

قرآن اکیڈمی ڈیفنس
مسجد جامع القرآن، خیابان راحت،
درخشاں، اسٹریٹ 34، فیز 6، ڈیفنس، کراچی
+92-21-35340022-24

قرآن اکیڈمی یٰسین آباد
شارع قرآن اکیڈمی بلاک 9
فیڈرل بی ایریا، کراچی
+92-21-36806561

قرآن اکیڈمی کورنگی
متصل مسجد طیبہ، سیکٹر 35/A
زمان ٹاؤن، کورنگی نمبر 4، کراچی
+92-21-35078600

قرآن انسٹیٹیوٹ گلستان جوہر
مسجد جامع القرآن، سالکین بسیرا،
بلاک 14، گلستان جوہر، کراچی
+92-21-34030119

قرآن انسٹیٹیوٹ لطیف آباد
بنگلہ نمبر 176-B، بلاک C، زیرو کارڈیو ہسپتال
یونٹ نمبر 2، لطیف آباد، حیدر آباد
+92-22-3407694

قرآن انسٹیٹیوٹ بحریہ ٹاؤن
بلڈنگ نمبر 305 لین 8، پریسنٹ 10A
اولڈ کمرشل بحریہ ٹاؤن کراچی
0329-1174285

قرآن مرکز لانڈھی
مکان نمبر 861، سیکٹر 37-D،
متصل رضوان سوسائٹی، لانڈھی نمبر 2
0333-2815528

مسجد جامع القرآن گلشن معمار
ST-03، سیکٹر Q-IV
گلشن معمار کراچی
0326-4666576

دی ہوپ اسلامک اسکول
متصل مسجد طیبہ، سیکٹر 35/A
زمان ٹاؤن، کورنگی نمبر 4، کراچی
+92-21-35074664

انجمن خدّام القرآن
سندھ، کراچی، رجسٹرڈ
www.QuranAcademy.edu.pk

مرکزی دفتر
B-375، پہلی منزل، علامہ شبیر احمد عثمانیؒ روڈ، بلاک 6
گلشن اقبال، کراچی- پاکستان- +92-21-34993436-7
0333-4993437 ، 0336-4993434
info@QuranAcademy.com

بانی: ڈاکٹر اسرار احمدؒ


بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# روداد مجلسِ عامّہ

اڑتیسواں سالانہ اجلاس منعقدہ: 3 نومبر 2024ء

تاریخ: 22 اپریل 2025ء — حوالہ نمبر: 12437/13-20

ہم اللہ سبحانہ و تعالیٰ کے شکر گزار ہیں کہ اس کے خصوصی فضل و کرم سے انجمن خدام القرآن سندھ، کراچی (رجسٹرڈ) کی مجلسِ عامّہ کا 38th اڑتیسواں سالانہ اجلاس زیرِ صدارت نگرانِ انجمن خدام القرآن سندھ، کراچی محترم شجاع الدین شیخ صاحب حفظہ اللہ، مورخہ 3 نومبر 2024ء بروز اتوار صبح 9:30 بجے بمقام دی وینیو بینکوئٹ (The Venue Banquet)، عسکری IV، راشد منہاس روڈ، کراچی منعقد ہوا۔

اجلاس عامّہ کے آغاز کے لیے درکار کورم مقررہ وقت صبح 9:30 بجے سے پہلے ہی مکمل ہو گیا اور الحمدُللہ اجلاس کا آغاز اپنے مقررہ وقت پر تلاوتِ کلامِ پاک سے ہوا۔ شرکاء میں اراکینِ انجمن کی تعداد 133 حضرات اور 18 خواتین کی رہی۔ نیز احباب کی کُل تعداد (حضرات و خواتین) 130 تھی۔ اس طرح اجلاسِ ہٰذا کی کُل حاضری "281" رہی۔ اجلاس میں شرکت کرنے والے اراکینِ انجمن و احباب کے دستخط حاضری شیٹس پر ثبت ہیں۔

ایجنڈے کے مطابق اجلاس ہٰذا کی روداد حسبِ ذیل ہے؛

آئٹم نمبر 1: تلاوت قرآنِ کریم مع ترجمہ و نعت رسول مقبول ﷺ

اجلاس کا آغاز سورۃ الحشر کے آخری رکوع کی تلاوت اور ترجمہ سے ہوا جس کی سعادت جناب قاری امداد اللہ عزیز صاحب نے حاصل کی بعد ازاں جناب حافظ ایاز صاحب کی آواز میں نعتِ رسول مقبول ﷺ کی سماعت کی گئی۔

آئٹم نمبر 2: سابقہ اجلاس منعقدہ 5 نومبر 2023ء کی روداد برائے توثیق

راقم نے سابقہ اجلاس منعقدہ 5 نومبر 2023ء کی روداد برائے توثیق پیش کی۔ یہ روداد اراکینِ انجمن کو 4 جنوری 2024ء کو بذریعہ ای میل ارسال کر دی گئی تھی، جبکہ یکم جنوری 2024ء کو انجمن کی ویب سائٹ پر بھی اپلوڈ کر دی گئی تھی۔ مجلسِ عامّہ نے سابقہ اجلاس کی کارروائی کی توثیق کی۔ بعد ازاں صدرِ مجلس محترم شجاع الدین شیخ صاحب نے روداد پر توثیقی دستخط ثبت فرمائے۔

آئٹم نمبر 3: افتتاحی کلمات از صدرِ انجمن

صدرِ انجمن جناب سید نعمان اختر صاحب نے افتتاحی کلمات ادا کرتے ہوئے اللہ رب العزت کا شکریہ ادا کیا کہ اس کی خصوصی تائید و نصرت سے انجمنِ ہٰذا کے اڑتیسویں سالانہ اجلاس کا بروقت انعقاد ہو پایا۔ انہوں نے اسٹیج پر موجود معزز مہمانوں کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے اپنے قیمتی اوقات میں سے وقت عنایت فرمایا۔ باقی تمام شرکاء حضرات و خواتین اراکینِ انجمن اور احباب کا بھی میں تہہ دل سے شکر ادا کیا کہ اُن کی پُر خلوص اور بروقت آمد سے ہم وقت پر اس


ذیلی ادارے

قرآن اکیڈمی ڈیفنس
مسجد جامع القرآن، خیابانِ راحت،
درخشاں، اسٹریٹ 34، فیز 6، ڈیفنس، کراچی
+92-21-35340022-24

قرآن اکیڈمی یٰسین آباد
شارع قرآن اکیڈمی بلاک 9
فیڈرل بی ایریا، کراچی
+92-21-36806561

قرآن اکیڈمی کورنگی
متصل مسجد طیبہ، سیکٹر 35/A
زمان ٹاؤن، کورنگی نمبر 4، کراچی
+92-21-35078600

قرآن انسٹیٹیوٹ گلستانِ جوہر
مسجد جامع القرآن، سالکین، بسراء،
بلاک 14، گلستان جوہر، کراچی
+92-21-34030119

قرآن انسٹیٹیوٹ لطیف آباد
بنگلہ نمبر 176-B، بلاک C، نزو کارڈیو ہسپتال
یونٹ نمبر 2، لطیف آباد، حیدر آباد
+92-22-3407694

قرآن انسٹیٹیوٹ بحریہ ٹاؤن
بلڈنگ نمبر 305 لین 8 پریسنٹ 10A
اولڈ کمرشل بحریہ ٹاؤن کراچی
0329-1174285

قرآن مرکز لانڈھی
مکان نمبر 861، سیکٹر 37-D،
متصل رضوان سوسائٹی، لانڈھی نمبر 2
0333-2815528

مسجد جامع القرآن گلشن معمار
ST-03، سیکٹر Q-IV
گلشن معمار کراچی
0326-4666576

دی ہوپ اسلامک اسکول
متصل مسجد طیبہ، سیکٹر 35/A
زمان ٹاؤن، کورنگی نمبر 4، کراچی
+92-21-35074664

اجلاس کو شروع کرپائے ہیں۔ ساتھ ہی تمام حاضرینِ مجلس کی طرف سے اُنہوں نے سامنے نظر نہ آنے والے کارکنان کا بھی شکریہ ادا کیا کہ جو کئی دنوں سے اس اجتماع کی تیاریوں میں مصروفِ عمل تھے اور ان کی پوشیدہ محنتوں سے اس اجتماع کا انعقاد حسن وخوبی سے عمل میں آیا۔

انہوں نے انجمن کے مقاصد اور بانی محترم ڈاکٹر اسرار احمدؒ کی تین اہم نصیحتوں کی یاددہانی کروائی کہ ڈاکٹر صاحبؒ نصیحت کے انداز میں فرمایا کرتے تھے، خاص طور پر رفقاءِ تنظیم اسلامی کے لیے کہ انجمن کے ساتھ اپنی عملی وابستگی کو بڑھایا جائے۔ وہ اصرار کرتے تھے کہ جو حضرات اس کام اور فکرِ قرآنی سے دلچسپی رکھتے ہیں، انہیں اپنی شمولیت کو فعال بنانا چاہیے تاکہ یہ کام درست رخ پر جاری رہے اور غلط ہاتھوں میں نہ چلا جائے۔ دوسری نصیحت ڈاکٹر صاحبؒ کی انجمن کے پرانے وابستگان کے لیے ہوا کرتی تھی کہ صرف تعلیم و تعلم تک محدود نہ رہیں بلکہ عملی تقاضوں کو اپناتے ہوئے تنظیم اسلامی کی طرف قدم بڑھائیں تاکہ اللہ کے نظام کو زمین پر قائم کرنے کی جدوجہد میں حصہ لیا جاسکے۔ تیسری نصیحت میں ڈاکٹر صاحبؒ "دعوت رجوع الی القرآن" کے ایک سالہ کورس کی خصوصی اہمیت پر زور دیا کرتے تھے اور اراکینِ انجمن و رفقاءِ تنظیم کو زیادہ سے زیادہ تعداد میں اس کورس میں شرکت کرنے کی ترغیب دیا کرتے تھے تاکہ قرآن کی دعوت کو مزید مؤثر اور عملی بنایا جاسکے۔

اپنے خطاب کے آخر میں انہوں نے انجمن کے جاری اور مستقبل کے منصوبوں کا ذکر کیا، جن میں مسجد جامع القرآن گلشنِ معمار کی تکمیل اور گلستانِ جوہر میں قرآن اکیڈمی کے قیام کے لیے جگہ کے حصول کے سلسلے میں کیے جانے والے اقدامات شامل ہیں۔ مزید برآں انہوں نے بحریہ ٹاؤن میں ایک ادارے کی دستیابی پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے مطلع فرمایا کہ یہ جگہ مع سامان تزئین و آرائش میسر آئی ہے، جسے ان شاء اللہ متعلقہ مجالس اور نگرانِ انجمن کی منظوری کے بعد جلد ہی قرآن انسٹیٹیوٹ کا درجہ دینے کا ارادہ ہے۔ اس موقع پر انہوں نے اصحابِ خیر کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا جنہوں نے اس عظیم مقصد کے لیے یہ عطیہ دیا، اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ان کے اس انفاق کو قبول فرمائے، ان کے رزق میں برکت عطا کرے اور ان کے لیے آخرت میں اجر وثواب کا سبب بنائے۔ اور اللہ سبحانہ وتعالیٰ ہم سب کو بھی بڑھ چڑھ انجمن کے کاموں میں حصہ لینے کی اور زیادہ سے زیادہ جانی و مالی تعاون کرنے کی توفیق مرحمت فرمائے۔ آمین یارب العالمین

## آئٹم نمبر 4: سالانہ رپورٹ برائے سال 24-2023 برائے منظوری

مدیرِ تعلیم جناب ڈاکٹر انوار علی ابرار صاحب نے سالانہ رپورٹ برائے سال 24-2023 کا خلاصہ بذریعہ Presentation حاضرین کے سامنے منظوری کے لئے پیش کیا۔ سالانہ رپورٹ اجلاسِ ہٰذا سے قبل تمام اراکینِ انجمن کو بذریعہ ای میل اور واٹس ایپ ارسال کردی گئی تھی۔ مزید براں یہ رپورٹ انجمن کی ویب سائٹ www.QuranAcademy.edu.pk پر بھی اپلوڈ کردی گئی تھی اور اب بھی مطالعہ کے لیے دستیاب ہے۔ مجلسِ عامّہ نے سالانہ رپورٹ کی منظوری دی۔

## آئٹم نمبر 5: آڈٹ شدہ حسابات برائے سال جولائی 2023 تا جون 2024 برائے منظوری

مدیرِ مالیات جناب ذیشان حفیظ صاحب نے سالانہ آڈٹ شدہ حسابات (جولائی 2023ء تا جون 2024ء) برائے منظوری پیش کیے اور ان حسابات کی ضروری وضاحت بھی کی۔ انہوں نے فرمایا کہ بیرونی آڈیٹر کی سفارش پر اور بین الاقوامی معیارات کے مطابق حسابات کی رپورٹنگ کو بہتر بنانے کے لیے آمدن کے اندراج میں تبدیلی کی گئی ہے۔ پہلے صرف غیر محدود فنڈز کو آمدن میں شامل کیا جاتا تھا، جبکہ محدود فنڈز، جو کسی خاص مقصد کے لیے وصول کیے جاتے ہیں، آمدن میں شمار نہیں ہوتے تھے۔ تاہم، اب محدود فنڈز کو بھی شامل کیا گیا ہے، جس کی وجہ سے گزشتہ سالوں مالیاتی رپورٹ میں جو آمدن پیش کی گئی تھی اس میں واضح اضافہ نظر آرہا ہے۔ مزید یہ کہ زکوٰۃ کی رقم بھی آمدن میں شامل کی گئی ہے، جبکہ

زکوٰۃ ایک علیحدہ اکاؤنٹ میں رکھی جاتی ہے اور طے شدہ طریقہ کار پر عمل کرتے ہوئے مستحقین پر خرچ کی جاتی ہے، نہ کہ آپریٹنگ اخراجات پر۔ مدیرِ مالیات نے گزشتہ سالوں کی رپورٹ کے پرانے اور نئے طریقۂ کار کے مطابق نمبرز کا موازنہ بھی پیش کیا تاکہ اراکین تبدیلی کو بہتر طور پر سمجھ سکیں۔

مجلس عاملہ نے حسابات کو تسلی بخش پایا اور متفقہ طور پر مذکورہ مالیاتی رپورٹ کی منظوری دی۔

آئٹم نمبر 6: آئندہ سال 25-2024 کے حسابات کے لیے آڈیٹرز کا تقرر

راقم کی جانب سے آئندہ سال 25-2024 کے حسابات کے لیے آڈیٹرز (ریاض احمد، ثاقب، گوہر اینڈ کمپنی) کے تقرر کی تجویز پیش کی گئی۔ آڈیٹرز کی جانب سے موصول پیشگی رضامندی (Consent Letter) اور طے شدہ فیس کی تفصیل بھی مجلس کو فراہم کی گئیں۔ مجلسِ عاملہ نے متفقہ طور پر آڈیٹرز کے تقرر اور فیس کی منظوری دی۔

آئٹم نمبر 8: دیگر امور بہ اجازت صدر مجلس

کسی رکنِ انجمن کی جانب سے کوئی اضافی تفصیلات دریافت نہیں کی گئیں۔

آئٹم نمبر 9 : ہدیہ تشکر از سیکریٹری انجمن

راقم نے ہدیہ تشکر پیش کرتے ہوئے عرض کیا کہ اللہ رب العزت کی جتنی بھی حمد وثنا کی جائے وہ کم ہے، تمام تعریفیں اور شکر اللہ رب العالمین کے لیے، جو کائنات کا خالق ومالک ہے اور ہر شے پر اختیار رکھتا ہے۔ اور درود وسلام نبی کریم ﷺ پر، جو انسانیت کے لیے رحمت اور نورِ ہدایت "قرآن حکیم" کو ہم تک پہنچانے کا ذریعہ ہیں، اور جن کی اتباع دین و دنیا کی کامیابی کی ضمانت ہے۔ اور ڈھیروں دعائیں صحابہ کرامؓ، تابعین، تبع تابعین، ائمہ کرام اور تمام اساتذہ کرام کے لیے کہ جن کے ذریعہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے اس عظیم ترین نعمت "قرآن حکیم" کو آج تک محفوظ رکھا ہوا ہے اور اس کی تعلیمات وپیغام مزید آگے منتقل ہو رہا ہے۔

یہ امر یقیناً باعثِ سعادت اور خوش نصیبی ہے کہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے ایک ایسے ادارے کا حصہ بننے اور خدمتِ قرآن کے عظیم مقصد میں اپنا حصہ ڈالنے کی توفیق ملی۔ راقم نے تمام معزز اراکین واحبابِ انجمن کا شکریہ ادا کیا، جن کے جانی ومالی تعاون سے یہ مشن کم وبیش 38 سالوں سے جاری وساری ہے اور وسعت اختیار کر رہا ہے۔ دعا ہے کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ ان کی کاوشوں کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے اور اس کارِ خیر کو ان کے لیے توشۂ آخرت بنائے۔

نبی کریم ﷺ کا ارشادِ گرامی ہے:

من لا یشکر الناس لا یشکر اللہ (سنن ترمذی)

ترجمہ: جو لوگوں کا شکر ادا نہیں کرتا، وہ اللہ کا شکر بھی ادا نہیں کرتا۔

مزید برآں، راقم نے اجلاس کے انعقاد اور سالانہ رپورٹ کی تیاری میں معاونت کرنے والے تمام ساتھیوں کا بھی شکریہ ادا کیا، جن کی محنت اور کاوشوں سے یہ تقریب حسن وخوبی سے منعقد ہوئی۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان تمام کوششوں کو قبول فرمائے اور ہم سب کے لیے توشۂ آخرت بنائے۔ آمین۔

آئٹم نمبر 11: صدارتی کلمات و دعاء از نگرانِ انجمن جناب شجاع الدین شیخ صاحب حفظہ اللہ

نگرانِ انجمن و صدرِ مجلس محترم شجاع الدین شیخ صاحب کے صدارتی کلمات و خطاب سے قبل تقریباً 10 منٹ کا وقفہ کیا گیا۔ بعد ازاں تقریباً 11:30 بجے نگرانِ انجمن نے صدارتی کلمات و خطاب کا آغاز فرمایا۔ اُس وقت مجلس میں کم و بیش 1500 حضرات و خواتین موجود تھے، جو اُن کے خطاب کو سننے کے لیے تشریف لائے تھے۔

نگرانِ انجمن نے سب سے پہلے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا کہ اُس کے خصوصی فضل و کرم اور توفیق سے ہم اراکین و احبابِ انجمن ایک بار پھر ایک بابرکت اور بامقصد محفل (انجمن خدام القرآن سندھ، کراچی کے اڑتیسویں 38th سالانہ اجلاسِ عام) میں شریک ہوئے۔ انہوں نے اپنی جانب سے اور دیگر وابستگانِ انجمن (جو اس پروگرام کے انعقاد میں شامل تھے) کی جانب سے تمام حاضرینِ مجلس (حضرات و خواتین اور بچوں) کا خصوصی شکریہ ادا کیا کہ جنہوں نے ہماری دعوت پر اپنے مصروف اوقات میں سے کچھ وقت فارغ کیا۔

مختصراً محترم ڈاکٹر اسرار احمدؒ کے قائم کردہ دونوں اداروں انجمن خدام القرآن اور تنظیمِ اسلامی کا تعارف بیان کرنے کے بعد نگرانِ انجمن نے "قرآن حکیم: کتابِ ہدایت و انقلاب اور ہمارا اس سے تعلق" کے موضوع پر خطاب فرمایا۔ اس گفتگو میں پانچ نکات پر روشنی ڈالی گئی: (1) قرآن کی ہدایت کے بنیادی نکات کی یاددہانی، (2) انقلاب کے مفہوم اور اس کے مختلف پہلوؤں پر گفتگو، (3) قرآن کو کتابِ ہدایت اور تمام مسائل کے حل کے طور پر سمجھنے کی اہمیت، (4) صاحبِ قرآن ﷺ اور صحابہ کرامؓ کا قرآن سے تعلق، نو مسلموں اور اہلِ فلسطین کی قرآن سے تعلق کے حوالے سے مثالیں، اور (5) قرآن سے عملی تعلق استوار کرنے کا لائحہ عمل۔ گفتگو کے درمیان میں انجمنِ ہٰذا کی سرگرمیوں کی مختصر تفصیل پر مشتمل ڈاکومنٹری دکھائی گئی، جبکہ آخر میں نگرانِ انجمن کی جانب سے عملی اقدامات اور ہمارے کرنے کے کاموں کے حوالے سے چند گزارشات پیش کی گئیں۔

ڈاکومینٹری اور نگرانِ انجمن کا مکمل خطاب (ویڈیو) درج ذیل لنک کے ذریعہ حاصل کی جاسکتی ہیں:

<u>قرآنِ حکیم: کتابِ ہدایت و انقلاب اور ہمارا اس سے تعلق | ڈاکومنٹری انجمن خدام القرآن سندھ، کراچی</u>

اسی کے ساتھ نگرانِ انجمن کی جانب سے دعا پر اجلاس اختتام پذیر ہوا۔

(راقم اس روداد کی تاخیر سے اجراء پر دل کی گہرائیوں سے معذرت خواہ ہے۔ ان شاء اللہ آئندہ ایسے امور کی بروقت انجام دہی کے لیے حتی المقدور کوشش کرے گا، اور اس سلسلے میں اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ اپنی خاص مدد اور توفیق عطا فرمائے۔)

والسلام مع الاکرام

[دستخط]

محمد سلمان اشرف

سیکریٹری

نقل برائے:

۔ نگرانِ انجمن

۔ جملہ اراکینِ انجمن